Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

پنجاب میں گندم کے کاشتکاروں کے معاشی قتلِ عام اور زراعت کی تباہی کا معاملہ

پاکستان تحریک انصاف کی مینڈیٹ چور حکومت کے ہاتھوں کسانوں کے معاشی قتلِ عام اور زراعت کو ناقص پالیسیوں کی بھینٹ چڑھا کر تباہ کرنے کی شدید مذمت۔ پنجاب حکومت سے گندم کی خریداری اور امدادی قیمت کے اعلان سمیت معاملے کی ہر پہلو سے وضاحت کا مطالبہ

جاتی امراء کے قزاق روایتی طور پر کسان اور عوام دشمن ہیں، جب بھی اقتدار ان کے ہاتھ لگا ہے انہوں نے کسان کا بدترین معاشی استحصال کیا ہے،

ایک نکمّی، نااہل اور مجرم حکومت کی بدترین معاشی پالیسیوں کا سارا بوجھ کسان پر لادنے کی روش نہایت قابلِ مذمت ہے، ملک بھر خصوصاً پنجاب میں گندم کی امدادی قیمت، فصل کی بروقت خریداری اور باردانہ کی فراہمی وغیرہ کے حوالے سے کسانوں میں شدید تحفّظات ظاہر ہو رہے ہیں،

نہایت مہنگی کھادوں اور بلندترین پیداواری لاگت کے باعث گندم کی اعلان شدہ امدادی قیمت کے باوجود کسان کو بھاری مالی نقصان کا اندیشہ ہے، کھاد کی مہنگے داموں دستیابی اور کسان کو امدادی قیمت سے بیس پچیس فیصد کم نرخوں پر گندم کی فروخت کے امکانات سے دیہی معیشت خصوصاً کسان کو اربوں روپے کے نقصان کا تخمینہ لگایا جارہا ہے، شوکت محمود بسرا

کسان کی جیب سے نکلوائے گئے اربوں روپے کن تجوریوں میں منتقل کئے جارہے ہیں، ان کا سراغ لگانا اہم ہے، عمران خان کی حکومت نے ملکی معیشت کو اپنے پیر پر کھڑا کرنے کیلئے کسان کی معیشت سنوارنے اور اسے اس کی محنت کا بہتر صلہ دینے کی قابلِ تحسین پالیسی اپنائی،

وزیراعظم عمران خان کے دورِ حکومت میں گندم، چاول، مکئی اور کپاس کی فصلوں کی ہی ریکارڈ پیداوار نہیں ہوئی بلکہ کاشتکاروں کو اپنی فصلوں کے اچھے معاوضے ملے، گنے کے کاشتکار کو ملکی تاریخ میں پہلی مرتبہ معقول، مکمل اور بروقت ادائیگیاں کروائی گئیں اور مجموعی طور پر 11 سو ارب روپے دیہی معیشت میں شامل ہوئے جس سے کسان خوشحال ہوئے،

4 فیصد کی شرح سے ترقی کرتی معیشت کو ظالموں نے رجیم چینج کرکے ڈیڑھ فیصد تک گرایا اور گراوٹ کا سلسلہ بدستور جاری ہے،

عوام کے مینڈیٹ پر ڈاکہ ڈال کر اقتدار میں بٹھائے جانے والے اب عوام خصوصاً کسان کی جیب، اس کے بچوں کے مستقبل اور پاکستان کی زراعت پر کھلا ڈاکہ ڈالنے کی راہ پر گامزن ہیں، شوکت محمود بسرا

پاکستان تحریک انصاف مینڈیٹ چوروں کو کسی صورت اپنے کسان کی زندگی اور ملکی معیشت تباہ کرنے کی اجازت نہیں دے گی،

شوکت محمود بسرا۔ سیکریٹری اطلاعات پنجاب پاکستان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ